www.KitaboSunnat.com



روایتِ حفص کے بعد قرأتِ عاصم کی تکمیل کے لئے
ایک جامع اور آسان کتاب "التحفہ علیٰ روایۃ شعبہ"

معروف بہ

تنشیطُ المُبتَدِی

مؤلفہ

(قاری) محمد اسمٰعیل صادق خورجوی
مدرس تحفیظ القرآن مکہ معظمہ

باہتمام

ابن المؤلف مفتی محمد سالم میاں سلمہ اللہ تعالیٰ
متعلم جامعہ "اُم القریٰ" مکہ معظمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

کتابِ تجوید "فیوضِ مکیہ" سے متعلق

عنایت نامہ بنام مؤلف

محترم المقام حضرت قاری صاحب دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی

مکتوبِ گرامی اور کتاب "فیوضِ مکیہ" وصول ہوئی۔ حرم محترم اور صحنِ کعبہ کی بہت سی یادیں تازہ ہوگئیں۔

حضرت الاستاذ فضیلۃ الشیخ محمد علی (مدرس الحرم المکی الشریف) کے درس صحیح البخاری میں آپ کی شرکت ومعیت اور آپ کی پرکشش قرأۃ مجھے خوب یاد ہے۔

بخاری شریف کے میرے تمام رفقاء درس میں آپ واحد شخصیت ہیں کہ مجھے یاد فرمایا جس سے نہ صرف مجھے مسرت ہے بلکہ قلب بے تاب ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ جلد آپ کی زیارت وملاقات سے نوازے۔ آمین۔

آپ کی تالیف لطیف "فیوضِ مکیہ" کتاب کیا ہے ایک علمی وفنی خزانہ ہے میرے خیال میں اردو تو کجا عربی میں بھی اس شان کی کتاب نہیں۔ یہاں جس نے بھی کتاب کو دیکھا بہت ہی پسند کیا لہٰذا مکہ معظمہ سے یہاں کوئی آنے والا ہو تو پچاس کتابیں روانہ فرمادیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی محنت کو قبول فرماوے۔ آمین ..... اللّٰھم آمین۔

میرے لائق کوئی خدمت ہو تو ضرور مطلع فرمائیں عین کرم ہوگا۔ فقط والسلام مع الاکرام

آپ کا مخلص ومحب


(مولانا قاری ڈاکٹر) محمد محسن عبد العظیم

عجمان ——— ۵/۷/۱۴۱۸ھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

قاری محمد مصطفی راسخ

www.KitaboSunnat.com



راویانِ قراءة عاصم کے تمام اختلافات کی جامع
اور نہایت آسان و مفید درسی کتاب

مسمّٰی بہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب التحفہ کامل

معروف بہ "تنشیط المبتدی"

مؤلفہ

(قاری) محمد اسمٰعیل صادق خورجوی

مدرّس تحفیظ القرآن مکہ معظمہ

باہتمام

ابن المؤلف مفتی محمد سالم میاں سلّمہ اللہ تعالیٰ

متعلم جامعہ "ام القریٰ" مکہ معظمہ

عبد الجبار

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

استاذی المحترم شیخ القراء حضرت مولانا حافظ مقری **قاری محب الدین احمد صاحب** الہ آبادی سابق صدر شعبۂ تجوید و قرآت مدرسہ تجوید الفرقان لکھنؤ ہند

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

عزیزی مخلصی قاری محمد اسماعیل صادق صاحب خورجوی سلمہ اللہ تعالیٰ جو میرے ارشد تلامذہ میں سے ہیں، انھوں نے یہ کتاب "تَنْشِیْطُ الْمُبْتَدِیْ" بقرآت شعبہؒ لکھ کر بہت بڑی ضرورت کو پورا کیا۔ قرآت حفصؒ کی تکمیل کے بعد قرار کو چاہیئے کہ قرآت شعبہؒ کی تکمیل کرا کر قرآت امام عاصمؒ صاحب کی تکمیل کرا دیں۔ یہ طلبہ پر بڑا احسان ہوگا لیکن اس کا خیال رکھیں کہ خلطِ قرآت نہ ہونے پائے۔ یعنی دونوں قرآتِ شعبہؒ اور حفصؒ کا خلط نہ ہونے پاوے۔ بلکہ دونوں قرآتیں علیحدہ علیحدہ پڑھی جائیں میری طبیعت اس اہم کام کو دیکھ کر بڑی خوش ہوئی فجزاھم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء فقط

ابن ضیاء محب الدین احمد
صدر مرکزی دار القرآت لکھنو (انڈیا)
مورخہ یکم محرم الحرام ۱۴۰۰ھ ہجری

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ کہ محبی جناب قاری محمد اسمٰعیل صادق صاحب خورجوی فاضل قرآت سبعہ وعشرہ نے کتاب التحفہ علیٰ روایۃ شعبہ لکھ کر بہت بڑا کام کیا ہے میں نے بھی اس کو دیکھا جس سے اندازہ ہوا کہ قاری صاحب موصوف نے بہت بڑی کمی پوری کر دی۔ کم از کم قرآت سبعہ میں سے امام عاصمؒ کی پوری قرآت جاننے کے لئے یہ کتاب ایک تکملہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔

(استاذ زادۂ محترم حضرت مولانا قاری) احمد ضیاء ازہری

بانی مدرسہ مرکزی دار القرآت لکھنؤ
مورخہ یکم ستمبر ۱۹۷۹ء عیسوی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

استاذی المحترم شیخ القراء حضرت الحاج حافظ مقری **قاری نیاز احمد صاحب** نگینوی سابق صدر شعبۂ تجوید و قراءات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ہند

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

محبّی مخلصی جناب قاری محمد اسمٰعیل صادق خورجوی عم فیضہ مدرس تحفیظ القرآن مکہ معظمہ (زادھا اللہ شرفًا) کی تالیف فرمودہ پیشِ نظر کتاب موسوم بہ "کتاب التحفہ علیٰ روایۃ شعبہ" معروف بہ تنشیط المبتدی کو میں نے دیکھا۔ دیکھ کر طبیعت خوش ہوگئی کتاب حسنِ ترتیب اور باعتبار اپنے اسلوبِ بیان کے بھی بہت عمدہ ہے۔ بفضلہ تعالیٰ بروایتِ حفص تو کتب و رسائل بہت ہیں لیکن بروایتِ شعبہ کوئی کتاب باوجود حاجت کے نظر سے نہیں گذری۔ الحمد للہ والمنۃ کہ اس کمی کو جناب قاری محمد اسمٰعیل صادق خورجوی سابق صدر شعبہ تجوید و قرأت مدرسہ عربیہ خازن العلوم خورجہ نے بحسن و خوبی پورا کیا اور گویا بحرِ ذخّار سے گوہر گراں مایہ کو نکال کر کنارہ پر رکھ دیا ہے کیونکہ روایت کے اصول و فروش سے متعلق قرآن شریف کے تمام کلمات کو سورتوں و پاروں اور رکوع و آیتوں کے حوالہ کے ساتھ لکھ دینا کس قدر محنت طلب اور مشکل کام ہے اس کو اہلِ فن ہی سمجھ سکتے ہیں ان شاء اللہ اس کتاب کے ذریعہ طلباء بآسانی روایتِ شعبہ پڑھ کر قرأتِ عاصم کی تکمیل کر سکیں گے۔ عزیزم مکرم قاری صاحب موصوف ایک ہونہار نوجوان اور باصلاحیت قاری ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ ایک رسالہ انوکھے اور عمدہ انداز میں "قواعد المبتدی" کے نام سے لکھ کر شائع کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور مؤلفِ موصوف کو علم و عمل کے اعلیٰ درجات سے بہرہ ور فرمائے، آمین۔

نیاز احمد
سابق صدر شعبۂ تجوید و قرأت مسلم یونیورسٹی شہر علی گڑھ۔ انڈیا
مورخہ یکم فروری ۱۹۸۳ عیسوی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسبی اللہ

دستور العمل تدریس کتاب ہٰذا

① سیدنا رسول اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا ارشاد ہے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ یعنی اعمال نیتوں سے (بنتے اور بگڑتے) ہیں۔ لہٰذا طلباء عزیز کو تاکید فرمائیں کہ وہ اپنی ساری تعلیم و محنت میں اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود رکھیں۔

② کتاب ہٰذا کو تجوید و روایتِ حفص کی تکمیل کے بعد شروع فرمایا جائے۔ ممکن ہو تو بالترتیب لکھوایا بھی جائے

③ خطبہ و مقدمہ پڑھا دینے کے بعد کثیر الدور کلمات کو مع عباراتِ متعلقہ کے زبانی یاد کرا دیا جائے۔

④ طلبائے عزیز کو تاکید فرمائیں کہ پورے سبق کی عبارات ہائے کے مطالعہ کے بعد صرف کلماتِ قرآنیہ کو بغیر ان کی وضاحتی عبارات کے ترتیب وار مع ان کے نمبرات کے یاد کریں اس کے بعد قرآن کریم میں کلمۂ مختلفہ پر یہ نشان (سـ) لگا کر حاشیہ پر (ص) جو باعتبار حروفِ ابجد و ترتیب قراء کرام شعبہؒ کی رمز ہے بنا کر اس کے اوپر اختلاف نمبر لکھیں۔

⑤ پورے سبق کے اختلافات لکھنے کے بعد صرف اختلافات والی آیتوں کو (نہ کہ پورے پاروں کو) اس قدر مضبوط یاد کریں کہ یکے بعد دیگرے حدرًا بہ تسلسل اور بلا تکلف حفظ سنا دیں

⑥ کم از کم ایک پارہ کی اور زیادہ سے زیادہ تین پاروں کی آیات بالترتیب معیارِ پختگی مندرجہ بالا کے ساتھ سماعت فرمائی جائیں۔ پورے پاروں کا استماع ابھی ضروری نہیں۔

⑦ جب تک ایک پارہ کے اختلاف خوب مستحضر اور پختہ یاد نہ ہو جائیں دوسرا پارہ شروع نہ فرمائیں۔

⑧ جزو الٓمّٓ سے شروع کردہ گردان کی تکمیل پر ضمیمہ شروع فرمادیں اور سبق ایک صفحہ یومیہ دیں۔

⑨ ضمیمہ کے ساتھ دوسری دور شروع فرمادیں۔ اور بالترتیب تین پاروں کی آیات یومیہ خوب پختہ سنیں

⑩ اختلاف کی مذکورہ بالا دو گردانوں کے بعد پورا قرآن حکیم روایت شعبہ میں بطریق شاطبی سماعت فرمالیا جائے۔ رہیں وہ وجوہِ زائدہ جو بوجہ اختلاف ہر دو طریق ہیں تو ان کو پارہ سے فراغ پر طلباء عزیز بیان کردیا کریں۔

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ

مشورہ کتاب ہٰذا کے بعد کتاب "قراآت المبتدی" شروع فرمادی جائے تاکہ علم قراآت سے واقفیت حاصل ہو جائے فقط۔ محمد اسمٰعیل صادق خورجوی مکہ معظمہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خطبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الخالق العظیم والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الصادق الکریم

امّا بعد! ابو سالم محمد اسمٰعیل صادق بن شیخ محمد ابراہیم متوطن قصبہ خورجہ ضلع بلند شہر ملتمس ہے کہ عرصہ سے دل میں خیال تھا کہ ایک رسالہ بروایتِ شعبہ عن عاصم الکوفی بطریق شاطبیؒ لکھا جائے۔ تاکہ طلباءِ عزیز روایتِ حفصؒ کے بعد اس کے ذریعہ بآسانی روایتِ شعبہ پڑھ کر قرأت حضرت امام عاصمؒ کی تکمیل کرسکیں لیکن عدیم الفرصتی تکمیلِ ارادہ میں حائل رہی۔ بالآخر حق سبحانہ وتعالیٰ کی ذاتِ عالی کے بھروسہ پر کتبِ معتبرہ مثل تیسیر الطبع وعنایاتِ رحمانی شرح شاطبی وتوضیح العشر شرح طیبۃ النشر وغیرہ سے ملتقط کرکے اس کام کو شروع کیا۔ اور یہ چند اوراق لکھ کر موسوم بہ اسم "کتاب التحفۃ علیٰ روایۃ شعبۃ" کیا۔ اور چونکہ شعبہؒ وحفصؒ کا اختلاف اصول میں بہت ہی کم ہے زیادہ تر فروش میں ہے۔ اس لئے بلا اختصاصِ اصولی وفرشی قرآن کریم کے تمام کلماتِ مختلف فیہا (بحوالہ پارہ ورکوع اور آیت) درج کرکے شعبہؒ کا اختلاف حفصؒ سے بیان کیا گیا ہے نیز بعض کلماتِ کلیہ کو (بحوالہ سُوَر) مزید شروع میں ذکر کردیا ہے۔

فائدہ جس اختلاف کا انضباط بطور قاعدہ کلیہ ممکن ہو اس کو اصولی کہتے ہیں۔ اور جو بقاعدۂ کلیہ منضبط نہ ہوسکے اس کو فرشی کہتے ہیں۔

تنبیہ اگرچہ کتاب ہذا میں اختلاف سہل طریق پر مذکور ہیں۔ لیکن پھر بھی خود سے پڑھنے کی کوشش نہ کی جائے کہ بایں صورت اغلاط ہونے کا احتمال ہے۔ بلکہ اس کو کسی مشّاق ومستند قاری سے پڑھ کر مشق کی جائے کہ یہ کلام اللہ شریف کا معاملہ ہے جس میں نہایت ہی احتیاط کی ضرورت ہے۔

حضرت ربّ کریم جلّ ذکرہ وعمّ نوالہٗ اس کتاب کو شرفِ قبول سے نواز کر طلاّب کو بیش از بیش استفادہ کی توفیق رفیق مرحمت فرمائے اور قرأت سبعہ وعشرہ کے حصول کا ذوق وشوق عنایت فرمائے۔ آمین۔

یا سامعَ الدُّعاءِ تقبّلْ دُعاءَنا
سألتُکَ الخیرَ یا ذا المَنِّ والکرمِ

لہ طبع ثانی کے وقت روایتِ ابوبکر شعبہؒ کی ان وجوہ کو بھی بطور ضمیمہ شامل کردیا گیا جو امام الفن العلامہ ابو محمد قاسم الشاطبیؒ کے قصیدہ "حرز الامانی ووجہ التہانی" میں تو مذکور نہیں لیکن محقق الفن العلامہ ابو الخیر محمد الجزریؒ کی نظم "طیبۃ النشر فی القرأت العشر" میں مرقوم ہیں۔ لہٰذا اب یہ کتاب روایۃ شعبہ کے ہر دو طریق (شاطبیؒ وجزریؒ) کو جامع ہے۔ مؤلف مکہ معظمہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام قرآنِ کریم کو ہمارے آقا اور نبی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر نازل فرمایا اور اس کے بعض کلمات کو کئی کئی طرح پڑھنے کی تعلیم اور اجازت عطا فرمائی۔ چنانچہ حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں تھا کہ ایک شخص نے آکر سورۂ نحل اس کے خلاف پڑھی جس طرح میں پڑھتا تھا میں نے پوچھا کہ تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی ہے اُس نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے بھی سورۂ نحل پڑھی اور ہم دونوں کے خلاف تیسری طرح پڑھی میں نے اس سے بھی پوچھا تو اس نے بھی وہی جواب دیا۔ جس سے میرے دل میں شک پیدا ہوا اور میں ان دونوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا آپ نے ایک سے سن کر فرمایا اَحْسَنْتَ تو نے اچھی طرح پڑھی اور دوسرے سے سن کر فرمایا اَصَبْتَ تو درستی کو پہونچا پھر مجھ سے سن کر فرمایا هٰكَذَا اُنْزِلَتْ یہ سورت اسی طرح نازل کی گئی ہے اور پھر میرے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ارشاد فرمایا اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ یَا اُبَیّ۔ اے اُبی میں تمھیں اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔

رسول اللہ ﷺ کا اختلافِ قرآت سکھانا

سیدنا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جس طرح قرآنِ حکیم کے الفاظ اور معانی وغیرہ پڑھائے اسی طرح اس کی قرأت کے اختلافات بھی سکھائے اور صحابہ کرامؓ نے حضراتِ تابعین کو اور تابعینؒ نے تبع تابعین کو سکھائے یہاں تک کہ سلسلہ وار اساتذہ اور شیوخ کے ذریعہ ہم تک پہونچے۔ اللہ تعالیٰ قدردانی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

واضح ہو کہ اختلافِ قرأت کے ساتھ قرآن شریف پڑھنا اسی وقت جائز ہے جب کہ کسی مشّاق اور مستند استاذ (قاری) سے باقاعدہ حاصل کیا ہو صرف کسی قاری سے سن لینا یا کتابوں میں دیکھ لینا کافی نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

قرآن شریف ۳ کی قرأت میں سند کی ضرورت

قرآن شریف اور اس کی قرأت پڑھنے پڑھانے میں سب سے پہلے سند کی ضرورت ہے کہ تم نے کس سے پڑھا۔ اور تمھارے استاذ نے کس سے پڑھا اور انھوں نے کس سے پڑھا۔ اگر یہ سلسلہ سیدنا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک مل گیا تو یہ علم معتبر اور وراثتی ہوگا۔ لیکن اگر وراثت کی ایک کڑی بھی کٹ گئی اور سیدنا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک سلسلہ نہیں پہنچا تو وہ وراثتی علم نہ ہوگا کیونکہ قرآن وحدیث ایک علمی وروحانی وراثت ہیں اور وراثت چاہتی ہے نسبت کے اتصال کو کہ یہ میرے استاذ ہیں اور یہ میرے استاذ کے استاذ ہیں۔ یہاں تک کہ استاذُالکل سیدنا حضور اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثابت ہوں گے اور اس طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم وراثت در وراثت نقل ہوتا ہوا ہم تک پہنچ جائے گا لیکن اگر بیچ میں صحابہ کرام رضؓ کی کڑی یا حضرات تابعینؒ کی کڑی یا کسی اور استاذ کی کڑی کٹ گئی تو وراثت کا علم نہ ہوگا اس لئے علم قرأت میں سند کی ضرورت پیش آتی ہے اور جب تک اساتذہ کا سلسلہ مُتَّصِل یعنی ملا ہوا نہ ہوگا سند معتبر نہ ہوگی۔

عِلم قرآت ۴ کی تعریف

علم قرآت اس علم کو کہتے ہیں جس میں کلماتِ قرآنیہ کی قرآت کے اختلافات بیان کئے جائیں جس کا سیکھنا سکھانا واجب علی الکفایہ ہے۔ پس اگر کوئی بھی نہ سیکھے گا تو سب مسلمان گنہگار ہوں گے لہذا طلباء عزیز کو یہ ضروری اور مبارک علم بھی ضرور حاصل کرنا چاہیے کہ اس کی وجہ سے قرآنِ عظیم تبدیلی اور غلطی سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی تمام قرأتیں بھی معلوم ہو جاتی ہیں ۵۔

---

۵ ہر علم کے شروع میں چار باتیں جاننا ضروری ہیں۔ (۱) اس علم کی تعریف (۲) موضوع (۳) غرض (۴) حکم چنانچہ واجب علی الکفایہ سے علم قرآت کا حکم[۴]۔ کلماتِ قرآنیہ سے موضوع[۲]۔ آخری خط کشیدہ جملہ سے غرض[۳] کی طرف اشارہ ہے۔ باقی علم قرآت کی تعریف[۱] تو واضح ہے ۱۲ مؤلف۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآءت کی قسمیں ⑤

قرأت کی ۲ دو قسمیں ہیں۔ متواتر[1] اور شاذ[2]۔

① قرأۃ متواترہ اس قرأۃ کو کہتے ہیں جو تواتر کے ساتھ ثابت ہو یعنی اس کے نقل کرنے والے ہر زمانہ میں اتنی کثرت سے رہے ہوں کہ اُن سب کا جھوٹ اور غلط بیانی پر اتفاق کر لینا عقل کے نزدیک محال ہو۔

قرأۃ متواترہ قرآن ہے جس کا پڑھنا نماز اور غیر نماز میں بالکل صحیح اور جائز ہے (اور) قرأۃ متواترہ کی قرآنیت کا اعتقاد رکھنا اور اس کا ماننا فرض ہے اور اس کا انکار و استہزاء کفر ہے۔

② قرأۃ شاذّہ۔ اس قرأۃ کو کہتے ہیں جو تواتر سے ثابت نہ ہو یعنی اس کے نقل کرنے والے کثرت سے نہ رہے ہوں۔ قرأۃ شاذّہ قرآن نہیں کیونکہ قرآنیت کے لئے تواتر شرط ہے (اور) قرأۃ شاذّہ میں تواتر نہیں پایا جاتا ہے اس لئے وہ قرآنیت سے خارج ہے قرأۃ شاذّہ کا حکم یہ ہے کہ اس سے نماز تو ہوتی ہی نہیں اس کو قرآن سمجھ کر پڑھنا یا اس انداز سے پڑھنا کہ اگر کوئی شخص سنے تو یہ سمجھے کہ قرآن پڑھا جا رہا ہے ناجائز ہے (البتہ) قرأت شاذّہ کو سیکھنا، سکھانا، کتابوں میں لکھنا جائز ہے۔

کلماتِ شاذّہ کی مثالیں ان شاء اللہ تعالیٰ کتاب "قرآآت المبتدی" میں آئینگی اور چند مثالیں کتاب "تجوید المبتدی[3] کامل" میں گذر چکی ہیں۔

قرآآتِ متواترہ ⑥

قرآآتِ متواترہ دس[4] ہیں جن کو قرآآتِ عشرہ کہتے ہیں۔ قرآآت عشرہ میں سات قرأتیں بالاتفاق متواتر ہیں جن کو قرآآت سبعہ کہتے ہیں (اور) قرآآتِ سبعہ کے بعد کی تین قرأتیں بالاختلاف متواتر ہیں یعنی ان کے تواتر میں کچھ اختلاف ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ وہ بھی متواتر ہی ہیں اور ان تینوں قرآتوں کو قرآآت ثلاثہ کہتے ہیں۔

قرآآتِ عشرہ کو اگر کتاب "اَلشَّاطِبِيَّة" اور کتاب "اَلدُّرَّة" کے طریق سے پڑھا جائے تو اس کو قرآآتِ عشرۂ صغیر کہتے ہیں (اور) اگر قرآآتِ عشرہ کو کتاب "اَلطَّيِّبَة" کے طریق سے پڑھا جائے تو اس کو قرآآتِ عشرۂ کبیر کہتے ہیں۔ قرآآتِ عشرہ کے علاوہ باقی تمام قرأتیں شاذّہ ہیں

---

[3] جو "فیوض مکیہ" کے نام سے مشہور ہے ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑦ قرآتِ شاذّہ قرآتِ شاذّہ بہت ہیں جن میں چار مشہور ہیں۔ اور ان چاروں قرآتوں کو قرآتِ اربعۂ شاذّہ کہتے ہیں (واضح ہو کہ کوئی بھی قرأت پوری شاذ نہیں ہوتی ہے بلکہ ہر قرأت کی صرف وہی وجہیں شاذ ہوتی ہیں جو قرآت کے ضابطہ کے خلاف ہوں) (پس) قرآن شریف کی یہ کل قرآتیں چوڈہ ہوئیں جن کو قرآتِ اربعہ عشرہ کہتے ہیں اور یہ چودہ حضراتِ ائمہ سے منقول ہیں اور انھیں کے ناموں سے موسوم ہیں (اور) قرأت کے ہر امام کے دو دو راوی مشہور ہیں (پھر) راویوں کے بھی بہت بہت شاگرد ہیں جن کو قرّاء کی اصطلاح میں طریق کہتے ہیں۔ اب سب حضرات ائمہ اور اُن کے رُواۃ کے نام ترتیب وار لکھتا ہوں۔

⑧ اسماءِ ائمۂ قراراتِ سبعہ وعشرہ قراراتِ سبعہ وعشرہ وغیرہ کے حضراتِ ائمہ اور ان کے راویوں کے نام یہ ہیں۔

① سیدنا نافع مدنیؒ (۱۶۹ھ) جن کے راوی قالونؒ اور ورشؒ ہیں۔
② سیدنا ابن کثیر مکیؒ (۱۲۰ھ) 〃 〃 〃 بزیؒ اور قنبلؒ ہیں۔
③ سیدنا ابوعمرو بصریؒ (۱۵۴ھ) 〃 〃 〃 دُوریؒ اور سوسیؒ ہیں۔
④ سیدنا ابن عامر شامیؒ (۱۱۸ھ) 〃 〃 〃 ہشامؒ اور ابن ذکوانؒ ہیں۔
⑤ سیّدنا عاصم کوفیؒ (۱۲۷ھ) 〃 〃 〃 شعبہؒ اور حفصؒ ہیں۔
⑥ سیّدنا حمزہ کوفیؒ (۱۵۶ھ) 〃 〃 〃 خلفؒ اور خلّاد ہیں۔
⑦ سیدنا کسائیؒ (۱۸۹ھ) 〃 〃 〃 ابوالحارثؒ اور دوریؒ مذکور ہیں۔
❶ سیدنا ابوجعفر مدنیؒ (۱۳۰ھ) 〃 〃 〃 عیسیٰ بن وَرْدانؒ اور سلیمان بن جمّازؒ ہیں
❷ سیدنا یعقوب حضرمیؒ (۲۰۵ھ) 〃 〃 〃 رُویسؒ اور رَوحؒ ہیں۔
❸ سیدنا خلفؒ مذکور (۲۲۹ھ) 〃 〃 〃 اسحاق ورّاقؒ اور ادریس حدّادؒ ہیں

⑨ اسماءِ ائمۂ قراراتِ اربعہ شاذّہ قرآتِ اربعہ شاذّہ کے حضرات ائمہ اور ان کے راویوں کے نام یہ ہیں۔

① سیدنا ابن محیصن مکیؒ (۱۲۳ھ) جن کے راوی بزیؒ مذکور اور ابن شنبوذؒ ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

② سیدنا یزیدی یحییٰؒ (۲۰۲ھ) جن کے راوی سلیمانؒ بن حکم اور احمد بن فرحؒ ہیں
③ سیدنا حسن بصریؒ (۱۱۰ھ) 〃 〃 〃 شجاعؒ اور دوریؒ مذکور ہیں۔
④ سیدنا اعمش سلیمانؒ (۱۴۸ھ) 〃 〃 〃 ابن سعید مطوعیؒ اور ابو فرج شنبوذیؒ ہیں

ترجمہ ⑩ حضرت امام عاصم کوفیؒ

حضرت امام ابوبکر عاصم ابن ابی النجود عبداللہ (وابن بہدلہ) الاسدی الکوفی کا زمانۂ ولادت سنہ ۳۳ ہجری ہے۔ ابوبکر آپ کی کنیت ہے اور عاصم اسم گرامی ہے۔ آپ کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام بہدلہ ہے۔ آپ قبیلہ اسد کے فرزند ہیں اس لئے اسدی کہلاتے ہیں۔ آپ بنی خزیمہ کے آزاد کردہ غلام تھے۔ امام عاصم جلیل القدر تابعی ہیں۔ حضرت حارث بن حسّان رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ بڑے بڑے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے شرف ملاقات حاصل ہے۔ آپ نے شیخ القراء ابو عبدالرحمٰن عبداللہ بن حبیب بن ربیع السلمیؒ نابینا اور شیخ القراء ابو مریم زِرّابن حُبیشؒ اسدی اور شیخ القراء ابو عمر سعد بن الیاس شیبانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم سے قرآن شریف پڑھا۔ یہ تینوں حضرات کوفی ہیں اور عظیم المرتبت تابعی ہیں۔ ان تینوں بزرگوں نے حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت ابی ابن کعب اور حضرت زید بن ثابت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے، اور ان سب حضرات نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔ نیز آپؒ نے سیدنا حضرت علی، حضرت ابی ابن کعب حضرت ابن مسعود اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی قرآن پاک پڑھا۔ اس طرح امام عاصمؒ اور رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مابین صرف ایک واسطہ ہے۔

امام عاصمؒ بڑے صاحب فضل اور فصاحت و بلاغت، ضبط و اتقان اور تجوید کے جامع تھے۔ طریقۂ ادا اور لب و لہجہ عجیب و غریب اور نہایت دل کش تھا۔ اور خوش الحانی میں تو بے نظیر تھے چنانچہ ابوبکر بن عیاشؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو اسحٰق السبیعی سے لاتعداد مرتبہ یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں نے عاصم سے بہتر قاری نہیں دیکھا

حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عاصم، صاحب قرأت ہیں اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ان کو زیادہ پسند کرتا ہوں۔ اور علامہ عجلیؒ فرماتے ہیں کہ امام عاصمؒ صاحبِ سنّت وقرأت اور ثقہ و رئیس القراء تھے۔

آپ قرأت کے علاوہ حدیث، فقہ، لغت اور نحو کے بھی امام تھے۔ ساتھ ساتھ بڑے متقی، عابد و زاہد اور کثیر الصّلوٰۃ بھی تھے، جمعہ کے دن عصر تک مسجد جامع ہی میں تشریف فرما رہتے۔ شیخ القرّاء ابو عبدالرحمٰن السلمی مذکور الصّدر کے بعد کوفہ میں آپکے ذریعہ قرأت کو انتہائی عروج ہوا۔ دور دراز سے لوگ بڑی تعداد میں تحصیل علمِ تجوید وقرأت کے لئے آپ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوتے تھے۔ تقریبًا پچاس سال کوفہ میں مسند قرأت پر فائز و متمکن رہے۔ اور خلافت مروان کے اواخر میں سن ایک سو ستائیس ہجری میں بمقام کوفہ یا سماوہ (جو درمیان شام و عراق کے نواحی فرات میں ایک موضع ہے) رحلت فرمائی۔ ابن عیاش فرماتے ہیں کہ میں بوقتِ وفات حضرت امام عاصمؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو موصوف (سورۃ الانعام کے آٹھویں رکوع کی) آیۃ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ الخ (ترجمہ: پھر پہنچائے جائیں گے اللہ تعالیٰ کی طرف جوان کا سچا مالک ہے) بار بار اس انداز میں پڑھ رہے تھے جیسا کہ محراب میں قرآن کریم سنا رہے ہوں۔

حضرت امام عاصم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مادّہ تاریخ وفات "وصال"[1] ہے۔ آپ کے تلامذہ و رواۃ بکثرت ہیں اور بڑے بڑے اکابر ہیں۔ جیسے حضرت امام اعظم ابوحنیفۃ النعمان بن ثابت الکوفی، حضرت مفضّل اور حضرتِ حمّاد رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہم۔ لیکن ان سب میں دو شاگرد یعنی ابوبکر شعبہؒ اور ابو عمرو حفصؒ فن قرأت میں زیادہ مشہور ہیں۔ اور قرأت عاصمؒ انھیں دونوں حضرات کی روایت فرمودہ شائع و ذائع ہے۔

امام العلامہ ابو محمد قاسم بن فیّرہؒ بن خلف بن احمد رعینی شاطبی اندلسیؒ اپنے قصیدہ شاطبیہ کے خطبہ میں امام عاصمؒ اور آپ کے رُواۃ کے بارے میں ارقام فرماتے ہیں ؎

فَاَمَّا اَبُوْبَكْرٍ وَّعَاصِمٌ اسْمُهٗ — فَشُعْبَةُ رَاوِيْهِ الْمُبَرِّزُ اَفْضَلَا
وَذَاكَ ابْنُ عَيَّاشٍ اَبُوْبَكْرِنِ الرِّضَا — وَحَفْصٌ وَبِالْاِتْقَانِ كَانَ مُفَضَّلَا

[1] یعنی بقاعدہ حساب ابجد واو کے عدد چھ صاد کے نوّے الف کا ایک اور لام کے تیس عدد پس حاصل جمع ۱۲۷ھ ہے ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ ⑪ حضرت ابوبکر شعبہؒ

حضرت ابوبکر شعبہ بن عیّاش بن سالم اسدی کوفی کی ولادت ۹۵ھ میں بمقام کوفہ ہوئی

آپ چونکہ اپنے وقت کے امام اور بڑے عالم و فاضل تھے۔ اس لئے آپ کا ذکر ابوعمرو حفصؒ سے پہلے کیا جاتا ہے۔ آپ کے اسمِ مبارک کے بارے میں تیرہ اقوال ہیں لیکن راجح شعبہ ہے۔ محمد ابن سعید نے آپ کا شمار اہلِ کوفہ کے ساتویں طبقہ میں کیا ہے۔

آپ نے اپنے استاذ امام عاصم سے تیس سال کی عمر میں تین مرتبہ قرآن شریف پڑھا۔ پہلی مرتبہ پانچ پانچ آیتیں پڑھ کر ختم کیا۔ آپ کے تعلیمی ذوق وشوق کا یہ عالم تھا کہ سخت گرمی اور بارش میں بھی سبق کا ناغہ نہیں فرماتے تھے۔ بسا اوقات کمر تک یا اس سے بھی زیادہ پانی میں گذر کر جانا ہوتا تھا۔ آپ عالم و فاضل اور حفّاظ حدیث میں سے ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ ثقہ، صالح، صدوق، صاحبِ قرآن وسنّت تھے۔ حضرت شعبہؒ خود فرماتے ہیں کہ "میں نے کبھی کوئی منکر کام نہیں کیا۔ اور تیس سال سے روزانہ ایک قرآن شریف ختم کرتا ہوں" حضرت عبداللہ بن المبارکؒ فرماتے ہیں کہ "میں نے ابوبکر سے زیادہ عامل بالسنۃ نہیں دیکھا۔ احمسیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہؒ سے بہتر نماز پڑھنے والا میں نے نہیں دیکھا۔ محقق جزری فرماتے ہیں کہ آپ امام کبیر، عالم با عمل، حجت اور کبارِ ائمہ سنت میں سے تھے۔" ستر سال عباداتِ الٰہیہ میں مصروف رہے۔ ان میں چالیس سال آپ کے واسطے بستر نہیں بچھایا گیا۔ اور اس عرصہ میں آپ نے شب کے وقت زمین سے پیٹھ نہیں لگائی۔ تلاوتِ کلام اللہ سے خاص شغف تھا۔ چنانچہ جب آپ کی وفات کے وقت آپ کی ہمشیرہ رونے لگیں تو آپ نے فرمایا کیوں روتی ہو؟ ذرا مکان کے اس گوشہ کی طرف دیکھو میں نے اس میں اٹھارہ ہزار قرآن مجید ختم کئے ہیں۔ اور اپنے صاحبزادہ سے فرمایا بیٹے! اس گوشہ میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہرگز نہ کرنا۔

آپ نے چوبیس ہزار مرتبہ ختمِ قرآنِ حکیم فرمایا۔ امام کسائی وغیرہ آپ کے تلامذہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

میں سے ہیں۔ حضرتِ شعبہ علیہ الرحمۃ کی وفات جمادی الاولیٰ ۱۹۳ھ میں بعمر ۹۸ سال کوفہ میں واقع ہوئی۔ آپ کی سن وفات "امام عالی" سے نکلتی ہے۔

ترجمہ ⑫ حضرت ابو عمرو حفص رح

حضرت ابو عمرو حفص بن سلیمان بن مغیرہ اسدی کوفی کی ولادت ۹۰ھ میں بمقام کوفہ ہوئی آپ امام عاصم رح کے ربیب تھے۔ آپ نے اپنے شیخ امام عاصم سے متعدد مرتبہ قرآن پڑھا۔ نیز دیگر متعدد شیوخ سے اکتسابِ فیض کیا۔ علامہ حافظ ذہبی فرماتے ہیں کہ حفص رح قرأت میں ثقہ، ضابط اور ثبت تھے۔ البتہ علم حدیث میں یہ حال نہ تھا۔ امام ابن معین رح فرماتے کہ حفص رح و شعبہ رح قرأتِ عاصم میں اعلم الناس تھے۔ اور حفص رح شعبہ رح سے اقرأ تھے"۔ آپ بوجہ قوت حافظہ کے بڑے صاحبِ فضیلت تھے۔ جو کچھ اپنے استاذ سے پڑھتے تھے اس کو بہت یاد رکھتے تھے چنانچہ ابوبکر خطیب فرماتے ہیں کہ متقدمین قرأت کے بارے میں حفص رح کو ابوبکر سے زیادہ قوی الحافظہ سمجھتے تھے اور جو قرأت آپ نے حضرت امام عاصم رح سے پڑھی تھی اس کے بارے میں آپ کو ضابط و حافظ کہتے تھے۔ آپ امام اعظم ابوحنیفہ رح کے ہم درس اور تجارت پارچہ میں شریک تھے۔ اور گو اس وقت قرأتِ سبعہ بلکہ عشرہ متواترہ صحیحہ امت کے پاس موجود ہیں۔ اور ان میں اہل مکہ و مدینہ کی قرأت خاص قریشی ہونے کی وجہ سے زیادہ امتیاز رکھتی ہے لیکن اس کے باوجود یہ خداداد مقبولیت ہے کہ صدیوں سے عالم اسلامی کے جملہ مکاتب و مدارس میں روایتِ حفص رح پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے۔ اور تمام دنیا میں آپ کی روایت مروج ہے حتیٰ کہ بوجہ سہل الروایت ہونے کے اسی کے موافق قرآن حکیم میں اعراب و نقطاط لگائے گئے۔ بلاشبہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط

حضرت حفص علیہ الرحمۃ کی وفات ۱۸۰ھ میں بعمر ۹۰ سال کوفہ میں واقع ہوئی۔ آپ کی سن وفات "امام زماں" سے نکلتی ہے۔

حضرتِ ⑬ شعبہ رح و حفص رح کا اختلافِ قرأت

حضرت حفص رح نے اپنے استاذ و شیخ حضرت امام عاصم رح

ے کذا فی فوائد مکیۃ مؤلفہ شیخ شیخی المحقق المدقق الحضرۃ القاری عبدالرحمٰن المکی رح ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوفیؒ سے عرض کیا کہ ابوبکر شعبہؒ قرآن شریف بعض جگہ اس کے خلاف پڑھتے ہیں جو میں نے آپ سے پڑھا ہے حضرت امام عاصمؒ نے جواب میں فرمایا کہ میں نے جو قرآت تم کو پڑھائی ہے یہ وہ ہے جو میں نے حضرت ابوعبدالرحمٰن سُلَمیؒ سے اور انھوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پڑھی۔ اور جو قرآت میں نے ابوبکر شعبہؒ کو پڑھائی ہے یہ وہ ہے جو میں نے حضرت زِرّ بن حُبیشؒ سے اور انھوں نے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پڑھی حضرت حفصؒ اور حضرت شعبہؒ کے درمیان چھ سو اڑتیس (۶۳۸) اختلافاتِ قرآت ہیں۔ جو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کتاب میں سب کے سب ترتیب وار بیان کئے جائیں گے۔

(۱۴) قرآت کے اختلافات کی قسمیں

قرآت کے اختلافات کی دو (۲) قسمیں ہیں کُلّی (۱) اور جُزئی (۲)۔

(۱) کُلّی اختلافات ان کو کہتے ہیں جن کا قواعدِ کلّیہ سے انضباط ہو سکتا ہو۔

(۲) جزئی اختلافات اُن کو کہتے ہیں جن کا قواعد کلّیہ سے انضباط نہ ہو سکتا ہو۔ کلی اختلاف کو اُصُولی اختلاف اور جزئی اختلاف کو فرشی اختلاف بھی کہتے ہیں۔[1]

حضرت شعبہؒ اور حضرت حفصؒ کے درمیان اصولی اختلاف بہت ہی کم ہے۔ زیادہ تر فرشی اختلاف ہے۔

(۱۵) روایت شعبہؒ کا سلسلۂ سند

قرآن شریف کی سند کا سیدنا رسول اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچانا اسی اُمت کی خصوصیت ہے جو کسی اور اُمت کو حاصل نہیں ہوئی اس لئے حضرت علامہ عثمان بن سعید دانی کی (جن کی سند سے ساری دنیا میں قرآتیں پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں) روایتِ شعبہ کی سند بیان کرتا ہوں جو انھوں نے اپنی مایۂ ناز کتاب "اَلتَّیْسِیْرُ" میں ذکر فرمائی ہے۔

---

[1] کذا فی تنشیط الطبع فی اجراء السبع ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واضح ہو کہ کتاب تیسیر میں حضرت علامہ دانیؒ نے قرآت سبعہ بیان فرمائی ہیں جن کی چودہ روایتیں بنتی ہیں اور ہر ہر روایت کی دو دو سندیں بیان کی ہیں ایک روایتی سند اور دوسری تلاوتی سند۔ یہاں روایت شعبہؒ کی صرف تلاوتی سند بیان کی جائیگی (باقی روایتِ حفصؒ کی سند کتاب تجوید المبتدی معروف باسم فیوضِ مکیہ میں گذر چکی ہے)

① علامہ ابوعمرو عثمان دانیؒ (متوفی ۴۴۴ھ)
② شیخ ابوالفتح فارس بن احمد حمصیؒ (متوفی ۴۰۱ھ)
③ شیخ ابوالحسن عبدالباقی بن حسن مُقریؒ (متوفی ۳۸۰ھ)
④ شیخ ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن احمد بغدادیؒ (متوفی ۳۲۳ھ)
⑤ شیخ ابوبکر یوسف بن یعقوب بن حسین واسطیؒ (متوفی ۳۱۳ھ)
⑥ شیخ ابوبکر شعیب بن ایوب صُرَیفِینیؒ (متوفی ۲۶۱ھ)
⑦ حضرت ابوزکریا یحییٰ بن آدم بن سلیمان امویؒ (متوفی ۲۰۳ھ)
⑧ حضرت ابوبکر شعبہ بن عیاش اسدیؒ (متوفی ۱۹۳ھ)
⑨ حضرت ابوبکر عاصم بن ابوالنجود کوفیؒ (متوفی ۱۲۷ھ)

⑯ قرآت وروایت اور طریق کی تعریف

جو اختلاف قرآت کے امام کی طرف منسوب ہو اس کو قرأۃ کہتے ہیں۔ اور جو اختلاف راوی کی طرف منسوب ہو اس کو روایت کہتے ہیں اور جو اختلاف طریق یعنی راوی کے خاص شاگرد کی طرف منسوب ہو اس کو طریقہ کہتے ہیں۔ مثلاً پیشِ نظر کتاب "کتابُ التحفہ علیٰ روایۃ شعبہ (معروف بہ "تنشیط المبتدی") کے مطابق روایتِ شعبہ میں قرآن شریف پڑھا جائے تو اس وقت حضرت امام عاصمؒ کی قرأۃ اور اُن کے شاگرد اور راوی حضرت شعبہؒ کی روایت اور ان کے شاگرد حضرت ابوزکریا یحییٰ بن آدمؒ کا طریق کہیں گے۔

⑰ باعتبارِ حکم اختلاف کی قسمیں

اختلاف کی بلحاظ حکم دو قسمیں ہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واجب[1] اور جائز[2]۔

(١) قرأت و روایت اور طریق کے اختلاف کو خلافِ واجب کہتے ہیں۔ اس قسم کے تمام اختلافات کا پڑھنا ضروری ہے۔ حضرت حفصؒ اور حضرت شعبہؒ کے تمام اختلافات جو اس کتاب میں بیان کئے جائیں گے خلافِ واجب ہی کی قسم سے ہوں گے

(٢) قرأت کے سب اماموں، راویوں اور طُرق کے اتفاقی اختلاف کو خلافِ جائز کہتے ہیں۔ (یعنی وہ اختلاف جو تمام اماموں، راویوں اور طُرق سے بہ اتفاق ثابت ہو اس کو خلافِ جائز کہتے ہیں) جیسے مد عارض کی وجہیں طول[1]، توسط[2]، قصر[3] وغیرہ۔ اس قسم کی تمام وجہوں کا ہر جگہ جمع کرنا ضروری نہیں بلکہ صرف ایک وجہ کا پڑھ لینا کافی ہے۔ البتہ طالب علم کو سکھانے کے لئے چند مواقع میں تمام وجوہ کو جمع کر لیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(١٨) افراد و جمعِ قرآت کا بیان

طُرق اور روایات پڑھنے کی دو[2] صورتیں ہیں بطورِ[1] افراد اور بطورِ[2] جمع۔

روایات کے الگ الگ پڑھنے کو افراد اور کئی روایتوں اور قراءتوں کو یا ایک قرأت کے اکٹھا پڑھنے کو جمع کہتے ہیں۔ پہلے زمانہ کے حضرات چونکہ بلند ہمت تھے اس لئے وہ طرق اور روایات کو الگ الگ پڑھتے تھے تاکہ علم میں پوری مہارت حاصل ہو جائے اور پانچویں صدی کے شروع تک یہی حال رہا اس کے بعد روایات اور قراءات کو جمع کر کے پڑھنا ظہور میں آیا مگر اس وقت بھی احتیاط والے ائمہ کرام جمع کو سلف صالحین کے طریق کے خلاف ہونے کی بنا پر مکروہ جانتے تھے اور جو ائمہ جمع پڑھاتے تھے وہ بھی مبتدی کو ہرگز نہیں پڑھاتے تھے بلکہ جب روایات کو علیحدہ علیحدہ پڑھ کر خوب ماہر ہو جاتا تھا تب جمع کی اجازت دیتے تھے اور چھٹی صدی تک یہی حال رہا کہ مبتدی کو اولاً کسی ایک قرارت کے جمع کرنے کی بھی اجازت نہیں دی جاتی تھی ہاں جو اساتذہ طلبہ کے حق میں نرمی اور سستی برتتے تھے وہ مبتدی کو بھی ایک ایک قرارت کے جمع کرنے کی اجازت دے دیتے تھے لیکن قالون[1]۔ ورش[2] خلف[3]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور خلّاد رحمہم اللہ کی روایتوں کو وہ بھی الگ الگ پڑھاتے تھے کیونکہ ان میں اصول کی کثرت اور کلمات کی بہتات ہے۔

پس احتیاط کی بات تو یہی ہے کہ ہر روایت کو علیحدہ علیحدہ پڑھا جائے لیکن اگر جمعًا پڑھنا چاہیں تو اس میں اس کا ضرور لحاظ رکھیں کہ اولاً قرآت کو افرادًا پڑھیں پھر جمعًا پڑھیں۔ جمع کا بیان ان شاء اللہ تعالیٰ کتاب ''قرآت المبتدی'' میں آئے گا۔

(١٩) ہدایت برائے فارغینِ روایت شعبہؒ

اللہ تعالیٰ فارغینِ روایتِ حفصؒ کو توفیق عطا فرمائیں کہ وہ روایت شعبہ بھی ضرور پڑھیں۔ روایتِ شعبہؒ کے طلبائے فارغین کو بھی چاہئے کہ وہ روایتِ حفصؒ اور روایت شعبہ کو الگ الگ پڑھیں۔ اور قرآت منفردہ کی صورت میں ان کو اختیار ہے کہ وہ دونوں روایتوں میں سے جس روایتِ منفردہ کو چاہیں پہلے پڑھیں اور جس کو چاہیں بعد میں پڑھیں۔ البتہ اگر مجلس میں قرأۃ دونوں روایتوں میں سنانے کا ارادہ ہو مثلاً دونوں روایتوں میں ایک ایک رکوع تلاوت کرنا ہے تو پہلے روایتِ حفصؒ میں تلاوت کی جائے پھر روایتِ شعبہؒ میں کہ یہ اچھا معلوم دیتا ہے ورنہ اختیار ہے کہ جس کو چاہے مقدم کیا جائے اور جس کو چاہے مؤخر کیا جائے لیکن قرأت میں خلط ملط کرنا جائز نہیں۔

فائدہ ہر قرأۃِ متواترہ قرآن ہے جس کا نماز میں بھی پڑھنا بالکل صحیح اور جائز ہے لہٰذا دو رکعتوں میں مختلف قراءتوں کا پڑھنا بھی جائز ہے چنانچہ سورۃ فاتحہ کے لفظ مٰلِكِ کی دونوں قراءتوں (مٰلِكِ اور مَلِكِ) کے متعلق حضرت مُلّا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ میں دو رکعتوں میں دونوں کو جمع کر لیتا ہوں اور پہلی رکعت میں مَلِكِ پڑھتا ہوں۔ حضرت علامہ جزریؒ اور حضرت علامہ ابو شامہؒ بھی دو رکعتوں میں دونوں قراءتوں کو جمع کرتے تھے۔

(٢٠) خلطِ قرآت وغیرہ کا حکم

خلط قرآت یعنی ایک قرآت یا ایک روایت پڑھتے پڑھتے دوسری قرآت پڑھ دینا تو اس بارے میں ائمۂ کرام کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض حضرات خلطِ قرآت کو مطلقًا یعنی ہر حال میں ناجائز کہتے ہیں بعض حضرات خلط کو مطلقًا جائز کہتے ہیں اور بعض حضرات کے یہاں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفصیل ہے چنانچہ حضرت علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اگر ایک قرآت دوسری قرآت پر موقوف ہو تو خلط حرام ہے[۱]۔ اور اگر ایک قرآت دوسری قرآت پر موقوف نہ ہو تو روایت کے موقع پر خلط کرنا منع ہے کیونکہ اس سے کذب فی الروایۃ یعنی روایت میں جھوٹ اور ایک معتبر امام یا راوی کی طرف اس وجہ کی نسبت کرنا لازم آتا ہے جو اس نے نہیں پڑھی۔ اور اگر تلاوت میں ایک قرآت کے ساتھ دوسری پڑھ دی جائے تو بلاشبہ جائز اور صحیح ہے کیونکہ ہر وجہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی ہے اور قرآن ہے اور سیدنا رسولِ اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی تعلیم فرمائی ہے

(۲۱) تلاوت میں خلط قرآت کے جواز کی توضیح

تلاوت میں تخلیطِ قرآت کے جائز اور صحیح ہونے کی توضیح یہ ہے کہ ایک قرارت یا روایت کا التزام کر کے یعنی اپنے اوپر یہ پابندی لگا کر کہ میں اس قدر حصۂ قرآن صرف فلاں قاری یا راوی مثلاً قالون یا امام خلف کی روایت و قرارت ہی میں تلاوت کروں گا دوسری قرارت و روایت کے اختلافات کا اس قرارت و روایت کے ساتھ خلط والتباس کر دینا یہ ناجائز ہے۔ لیکن اگر آغازِ تلاوت ہی سے کسی ایک قرارت و روایت کا التزام اور اس کی پابندی اپنے اوپر لازم نہ کی بلکہ شروع ہی سے قاری کا خیال یہ ہے کہ فلاں سورت در کوع فلاں قرآت و روایت میں اور فلاں سورت و رکوع فلاں قرارت و روایت میں تلاوت کروں گا

---

[۱] مثلاً فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ (بقرہ) کو اٰدَمُ اور كَلِمٰتٌ دونوں کے رفع یا دونوں کے نصب سے پڑھے یعنی ایک قرارت سے اٰدَمُ کا اور دوسری قرارت سے كَلِمٰتٌ کا رفع یا نصب لے یا کوئی شخص وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّاۤءُ کو تشدید و رفع یا تخفیف و نصب سے تلاوت کرے یا وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ کو بصیغۂ مجہول و منصوب یا بصیغۂ معروف و مرفوع پڑھے، چونکہ یہ سب باتیں عربیت اور اس لغت کے خلاف ہیں جس پر قرآن نازل ہوا ہے لہٰذا ایسی تخلیط بہرصورت حرام ہے۔ (کشف النظر)

فائدہ: كَلِمٰتٍ جمع مؤنث سالم ہے جس میں نصب کا اعراب زیر ہوتا ہے اس لئے كَلِمٰتٍ پڑھتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو اس صورت میں مختلف قرآت و روایات کو جمع و مخلوط کر کے تلاوت کرنا بلا غبار اور یقیناً جائز و صحیح ہے، بلکہ یہ صورت خلط قرآت و روایات کی ہے ہی نہیں کیونکہ اس میں ہر قرآت و روایت کے حصۂ تلاوت کا اوّل ہی سے تعیُّن و امتیاز ہے جبکہ خلط میں کیف ما اتفق جس قراءت و روایت کا جو اختلاف بھی ذہن میں آتا جاتا ہے اسی کے مطابق قاری تلاوت کرتا جاتا ہے[1]

(۲۲) قرآت کی تحصیل کے لئے ایک اہم شرط

قرآت کے شیوخ اور حضراتِ ائمہ نے قرآت حاصل کرنے کے لئے صرف استاذ سے سننے کو کافی نہیں سمجھا جیسا کہ حدیث شریف میں کیا جاتا ہے بلکہ یہ شرط لگائی ہے کہ شاگرد سننے کے علاوہ استاذ کے روبرو اپنی زبان سے ادا بھی کرچکا ہو کیونکہ حدیث شریف میں معنیٰ کا حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے اور قرآن شریف میں معنیٰ کے علاوہ الفاظ کا کیفیتِ خاص سے ادا کرنا بھی مقصود ہوتا ہے اس لئے صرف سماعت پر تلاوتِ قرآن کی اجازت نہیں دیتے اور یہ ہی صحیح اور حق ہے[2]

ظاہر ہے کہ جب حصولِ قرآت کے لئے صرف استاذ سے سننا بھی کافی نہیں بلکہ اس کے سامنے زبان سے ادا کرنا بھی ضروری ہے تو صرف کسی کتاب میں اختلافات دیکھ لینے سے قرآت کا پڑھنا کس طرح جائز ہو سکتا ہے لہٰذا گذارش ہے کہ جن حضرات نے باقاعدہ قرآت کسی معتبر استاذ سے نہ پڑھی ہوں وہ یہ کتاب اور روایتِ شعبہ بھی کسی استاذِ کامل سے پڑھیں ورنہ اغلاط ہونے کا اندیشہ ہے۔

(۲۳) قرآت کے صحیح ہونے کا ضابطہ

قرآت کے معتبر علماء کرام و ائمہ عظام نے قرآت کے صحیح ہونے کا یہ اصول اور ضابطہ مقرر کیا ہے کہ جس قرأۃ کے تین رکن ہوں وہ قرأۃ صحیح ہے جس کا انکار کرنا جائز نہیں بلکہ مسلمانوں پر اس قرأۃ کا صحیح سمجھنا اور قبول کرنا فرض ہے۔

---

[1] مقدمہ کشف النظر ص ۲۵۴ ۱۲ منہ [2] ص ۵۲ کذا فی مقدمہ شرح سبعہ قرآت ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① قرآن شریف کے رسم الخط یعنی لکھت کے موافق ہو۔
② نحوی وجوہ میں سے کسی ایک وجہ کے مطابق ہو۔
③ صحیح اور متصل سند سے ثابت ہو یعنی اس کی سند نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچتی ہو۔

چناں چہ قرآت کے جلیل القدر امام حضرت علامہ ابو محمد مکیؒ اپنی کتاب "اَلْکَشْفُ" کے تکملہ میں فرماتے ہیں کہ قرآن میں جو کچھ روایت کیا جاتا ہے اس کی تین قسمیں ہیں۔ اوّل وہ جس میں تینوں رکن موجود ہوں اس کو یقینی طور پر صحیح اور برحق ماننا پڑے گا اور یہ مقبول بھی ہے اور اس کا پڑھنا بھی صحیح ہے۔ کیوں کہ یہ رسم کے بھی موافق ہے اور اجماع سے لی گئی ہے اور اس کا منکر کافر ہے[1]۔

۲۴ چند اصطلاحاتِ قرآت

علم تجوید اور قرآت کی بہت سی اصطلاحات کتاب "فیوضِ مکیہ" میں لکھی جا چکی ہیں۔ یہاں صرف چند خاص اصطلاحات لکھی جائیں گی کہ روایتِ شعبہ میں وہ آتی ہیں۔

① **اِدغام**:۔ ایک حرف ساکن کو دوسرے حرف متحرک میں ملا کر مشدّد پڑھنا جیسے ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ

② **اِختِلاس**:۔ دو تہائی حرکت ادا کرنا۔ یہ روم کا عکس ہے اور محنت طلب ادا ہے لہٰذا اس کی ادائیگی پر خصوصی توجہ اور محنت کی ضرورت ہے۔

③ **اِمالہ بِالْحَرْف**:۔ یعنی الف کو یاء کی طرف مائل کرنا جیسے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی (سورہ انفال) امالہ بالحرف ہمیشہ الف میں ہوتا ہے۔

④ **اِمالہ بِالْحَرَکَۃ**:۔ یعنی زبر کو زیر کی طرف مائل کرنا جیسے فَلَمَّا رَاٰ الْقَمَرَ (سورۂ انعام) امالہ بالحرکۃ ہمیشہ زبر میں ہوتا ہے۔

⑤ **اِشْمَام بِالْوَصل**:۔ وصل کی حالت میں حرفِ مضموم کو ساکن کرتے

---

[1] عنایاتِ رحمانی از مشفقی حضرت قاری فتح محمد صاحب پانی پتی ۱۲ منہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئے اس کے ضمہ (پیش) کی طرف ہونٹوں سے اشارہ کرنا جیسے مِن لَّدُنۡهُ (سورۂ کہف)۔ جو بروایتِ شعبہ دال میں اشمام کرتے ہوئے مِن لَّدُنۡهِ پڑھا جاتا ہے۔

کتاب (۲۵) تنشیط المبتدی

پیشِ نظر کتاب پہلی بار ۱۴۰۱ھ کے شروع میں لیتھو پر طبع ہوئی تھی جس کا ایڈیشن بہت جلد ختم ہوگیا تھا اس کے بعد ۱۴۰۳ھ میں عزیز محترم جناب قاری عبدالرب صاحب مکّی نے اس کو پاکستان میں آفسیٹ پر طبع کروایا۔

اب مخلصی جناب قاری سہیل شاہ خاں مقیم مکہ معظمہ زَادَهَا اللّٰهُ تَعَالٰی شَرَفًا وَّعَظَمَةً کی فرمائش و تعاون پر اس کو طبع کرانے کا ارادہ کیا۔ اللہ تعالیٰ پورا فرمائے۔ آمین

میں تہ قلب سے اُن تمام احباب و مخلصین کا تشکر گذار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تسوید و تبییض میں یا کتابت و طباعت سے متعلق کسی بھی طرح میری اعانت کی جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں

(۱) مشفقم حضرت الحاج سعید احمد صاحب خورجوی ثم المکّی
(۲) محترم جناب الحاج محمد قاسم صاحب انصاری خورجوی
(۳) مخلصم جناب الحاج شبّیر احمد صاحب قریشی خورجوی
(۴) عزیزم حافظ قاری غیاث الدین احمد بلند شہری

اللہ رب العزّت ان سب کو صحت و عافیت نصیب فرمائے اور حیاتِ طیبہ سے نوازے

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

اَلعَبدُ محمد اسمٰعیل صَادق خُورجَوِی

مدرس تحفیظ القرآن مکہ معظمہ

www.KitaboSunnat.com

مورخہ ۳ / ۱ / ۱۴۰۵ھ جمعہ

ؔ یہ مضمون طبع سوم کے وقت لکھا گیا ۱۲ مؤلف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کثیر الوقوع کلمات کلیہ جن میں اختلاف شعبہؒ و حفصؒ ہے

① اِتَّخَذْتُ، اِتَّخَذْتُم، اَخَذْتُ، اَخَذْتُم وغیرہ[1] شعبہؒ ذال کا ادغام کرتے ہیں

② هُزُوًا[2] واؤ کی جگہ ہمزہ پڑھتے ہیں۔

③ رَءُوْفٌ[3] وغیرہ۔ واو کو حذف کرتے ہیں۔

④ اَلْبُيُوْتَ[4] وغیرہ۔ با کو کسرہ پڑھتے ہیں۔

⑤ رِضْوَانٌ[5] وغیرہ۔ را پر ضمہ پڑھتے ہیں۔

تنبیہ:۔ رِضْوَانَهٗ (سورۂ مائدہ آیۃ ۱۶) کو بالاتفاق کسرۂ را سے پڑھتے ہیں۔

⑥ اَلْمَيِّتِ[6] وغیرہ۔ یا کو ساکن مخفّف پڑھتے ہیں۔

فائدہ:۔ کلام اللہ میں لفظ مَیِّت اگر ایسے شخص پر استعمال کیا گیا ہو جس پر صفت موت متحقق نہ ہوئی ہو تو بالاتفاق یار کو مشدّد مکسور پڑھتے ہیں جیسے وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ۔ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ

⑦ زَكَرِيَّا[7] الف کے بعد ہمزہ زیادہ کرکے بمدّ متصل پڑھتے ہیں۔

---

[1] سورہ بقرہ میں تین جگہ، سورہ رعد۔ حج میں دو دو جگہ، اور آل عمران، انفال، ہود، کہف، مومنون، فرقان شعراء، عنکبوت، فاطر، مومن، جاثیہ میں ایک ایک جگہ۔

[2] بقرہ، مائدہ، کہف، جاثیہ میں دو دو جگہ۔ انبیاء، فرقان میں ایک ایک جگہ۔

[3] بقرہ، توبہ، نحل میں دو دو جگہ۔ آل عمران، حج، نور، حدید، حشر میں ایک ایک جگہ۔

[4] بقرہ آل عمران، یونس، زخرف میں دو دو جگہ۔ نساء، اعراف، حجر، شعراء، نمل، عنکبوت، حشر، طلاق میں ایک ایک جگہ۔ نحل میں تین جگہ۔ احزاب میں چار جگہ۔ اور نور میں چودہ جگہ۔

